© rasailojaraid.com

ڈھونڈنے کی کوششیں جاری ہیں، جو کہ اہم تاریخی اور علامتی مقامات مثلاً بیت لحم، یروشلم یا کوہ سینا پر ہو سکیں، دیگر الہامی مذاہب کے رہنماؤں سے ایسی ہی ملاقاتوں کے امکانات ڈھونڈے جا رہے ہیں، لیکن ہمیں محتاط ہونے کی ضرورت ہے تاکہ غیر ضروری غلط فہمی پیدا نہ ہو۔

مترجم نے پاپائی خط کے ترجمے کے ساتھ دو ضمیموں کا اضافہ کیا ہے۔ پہلا ضمیمہ "کاتھولک کلیسا کی سماجی تعلیمات (پاپائی فرمان)" کی تفصیلات پر مشتمل ہے اور دوسرے ضمیمہ میں "ویٹی کن کی مجلس دوم، ۱۹۶۲ء - ۱۹۶۵ء (دستاویزات)" کی فہرست دی گئی ہے۔ (ادارہ)

---

*تیرا نام عطرِ ریختہ ہے۔

ادارہ "چرچ فاؤنڈیشن سیمینارز" (لاہور) گزشتہ چند برسوں سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہر یومِ ولادت پر ایک کتابچہ شائع کر رہا ہے۔ ۱۹۹۶ء کے کرسمس کے موقع پر بشپ آزاد مارشل کا زیرِ نظر کتابچہ شائع ہوا ہے جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ذاتی اور صفاتی ناموں کی اہمیت اجاگر کی گئی ہے۔ کتابچہ اوّل و آخر بائبل کے حوالوں پر مبنی ہے، تاہم ہر حوالے کے ساتھ عبارت نقل نہیں کی گئی، صرف حوالہ دینے پر اکتفاء کیا گیا ہے۔ کتابچے کے آخر میں (صفحات ۲۷ تا ۳۷) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بائبل میں مذکور القاب وصفات کا اشاریہ دیا گیا ہے۔

مسیحی الٰہیاتی نقطۂ نظر سے بشپ آزاد مارشل کی یہ ایک خوبصورت کوشش ہے۔ [ادارہ]



© rasailojaraid.com